28-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست میں میونسپل انتخابات میں اتحاد کے بارے میں فیصلہ پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ کریں گے۔ نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کا بیان۔

۲۔ مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ حکومت کا ہدف ملک میں تقریباً 350 ہوائی اڈے تعمیر کرنا ہے اور مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کے لیے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں۔

۳۔ ریاست میں زمین سے متعلق مسائل کے مستقل حل کے لیے بھو بھارتی ایکٹ موثر ثابت ہوگا اور بدعنوانی سے پاک رجسٹریشن کے لیے اہم اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں۔

اور

۴۔ قبائلی کمبھ میلہ کے طور پر مشہور میڈارم میں سمکا اور سارالماں جاترا کا آج شاندار طریقے سے آغاز ہوا۔

Parliament - President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے بجٹ اجلاس کے پہلے دن پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے مشترکہ طور پر خطاب کیا۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ دیہی علاقوں میں روزگار کی فراہمی کیلئے مرکزی حکومت وکست بھارت، گراماجی رام جی اسکیم کو عمل میں لارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس نئے قانون کے ذریعہ سال میں 125 دن روزگار فراہم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مضبوط پالیسیوں اور پروگراموں کے ذریعہ زرعی پیداوار میں تیزی آئی ہے۔ غذائی اجناس اور باغبانی کے فصلوں کی پیداوار تاریخی سطح تک پہنچ گئی ہے۔ اب تک پیچھے رہنے والے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کے لئے حکومت کوشش کررہی ہے۔ پکوان کے تیل اور تیل کے اجناس اور دالوں کی پیداوار میں اضافہ سے اس کی درآمدات میں کمی لانے کے لئے حکومت ایک نشانہ مقرر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں تیسرے

بڑے اسٹارٹ اَپ کے طور پر ملک کھڑا ہے۔آئی ٹی ،آئی ٹی ای ایس کے شعبوں میں کروڑوں لوگوں کو روزگار فراہم کیا جارہا ہے۔الکٹرک کے پیداوار میں ترقی حاصل ہوئی ہے۔آپریشن سندور میں ہماری فوج کی طاقت کو دکھایا ہے۔ ہمارے ملک پر حملہ کرنے پر اس کے نتائج کیسے ہوسکتے ہیں دنیا پوری دیکھ چکی ہے جبکہ کل پارلیمنٹ میں معاشی سروے اور آئندہ اتوار یکم فروری کو مرکزی بجٹ پیش کیا جائے گا۔ بجٹ کے پہلے مرحلہ کا اجلاس فروری کے 13 تاریخ کو منعقد ہوگا جبکہ دوسرے مرحلہ کا اجلاس 9 مارچ سے 2 اپریل تک چلے گا۔اس بجٹ اجلاس میں جملہ 30 دن پارلیمنٹ کی کارروائی چلے گی۔

Kisan Mela

ریاستی منصوبہ بندی کمیشن کے نائب چیرمین چنا ریڈی نے کہا کہ کسانوں کو ایک ہی فصل پر انحصار کرنے کے بجائے فصلوں کی تبدیلی ( کراپ روٹیشن ) کے طریقہ کار کو اپنانا چاہیے۔انہوں نے ناگر کرنول ضلع کے بجناپلی منڈل، پالیم گاؤں میں واقع زرعی یونیورسٹی میں کسان میلہ کا افتتاح کیا۔انہوں نے خواہش ظاہر کی کہ زراعت میں سائنسی طریقوں کو شامل کرکے زیادہ پیداوار حاصل کرنے پر زور دیا۔اس موقع پر ناگر کرنول کے ایم ایل اے راجیش ریڈی اور دیگر نے شرکت کی۔

Election Nomination

جنگاؤں میونسپل کونسل کے 30 وارڈس کے لیے انتخابات منعقد ہورہے ہیں۔ایڈیشنل کلکٹر پنکیش کمار نے کہا کہ پرچہ نامزدگیوں کو داخل کرنے کے لیے 10 کاؤنٹرس قائم کیے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس ماہ کی 30 تاریخ تک ہر روز صبح 10:30 بجے سے شام 5:30 بجے تک نامزدگیاں وصول کی جائیں گی۔

Karimnagar

کریم نگر ضلع میں کریم نگر میونسپل کارپوریشن، جمی کنٹہ ،حضورآباد اور چوپاڈنڈی میونسپلٹی کے انتخابات کیلئے نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ کریم نگر میونسپل کارپوریشن میں اب تک پانچ امیدواروں نے نامزدگیاں داخل کی ہیں۔

## Talasani

سابق وزیر اور صنعت نگر کے رکن اسمبلی ٹی سرینواس یادو نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت نے ووٹوں کے لیے عوام کو دھوکہ دیا ہے اور عوام سے کئے گئے وعدوں پورا کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کی حکومت میں شادیوں کیلئے متعارف کرائی گئی اسکیم کو فائدہ مند ثابت ہورہی ہے۔ کانگریس نے ایک تولہ سونا دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن اس وعدہ کو پورا نہیں کیا گیا۔انہوں نے آج سکندرآباد تحصیلدار دفتر میں 70 مستحق خاندانوں میں کلیان لکشمی اور شادی مبارک کے چیک تقسیم کیے۔

## Traffic Additional DCP

ورنگل پولیس کمشنریٹ کے ٹریفک ایڈیشنل ڈی سی پی رائیلا پربھاکر راؤ نے کہا کہ غیر مناسب دستاویزات اور بغیر رجسٹریشن کئے ہوئے گاڑیاں چلانے والوں کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں گے۔انہوں نے بتایا کہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ورنگل کمشنریٹ کی حدود میں حالیہ دنوں میں بڑھتی ہوئی ٹرافک کے پیش نظر ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

## Municipal Elections

ریاست میں میونسپلٹی انتخابات کے سلسلے میں پرچہ نامزدگیاں داخل کرنے کا عمل آج سے شروع ہوگیا ہے۔اس ماہ کی 30 تاریخ تک نامزدگیاں وصول کی جائیں گی۔ نامزدگیوں کی واپسی کی آخری تاریخ آئندہ ماہ کی 3 تاریخ کی شام کو ختم ہوگی۔ ریاست کی سات میونسپل کارپوریشنوں اور 116 میونسپالٹیوں کیلئے آئندہ ماہ کی 11 تاریخ کو پولنگ ہوگی، جبکہ 13 تاریخ کو ووٹوں کی گنتی ہوگی۔لاء اینڈ آرڈر کے ایڈیشنل ڈی جی مہیش بھگوت نے کہا کہ انتخابات کو پُرامن طریقے سے منعقد کرنے کے لیے مضبوط منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ حساس اور انتہائی حساس علاقوں میں خصوصی بندوبست کیا

جائے گا۔ڈی جی پی دفتر میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے۔ ریاست میں 1,302 حساس اور 1,926 انتہائی حساس علاقوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

Wings India

مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ حکومت کا ہدف ملک میں تقریباً350 ایر پورٹ تعمیر کرنا ہے اور مقامی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کے لیے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے اندر ہی طیاروں کی تیاری کے لیے مرکزی حکومت اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے آج حیدرآباد میں ونگس انڈیا2026 کا افتتاح کیا۔اس موقع پرانہوں نے کہا کہ وزیر نے کہا کہ ملک میں طیارہ سازی کے ایکو سسٹم کی ترقی پر مرکزی حکومت خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں متعارف کرائی گئی اصلاحات کی وجہ سے عام عوام کے لیے بھی ہوائی سفر ممکن ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں اڈانی ایرواسپیس اور برازیل کی ایمبریئر کمپنی کے درمیان طے پانے والا اہم معاہدہ شہری ہوابازی کی تاریخ میں ایک سنگِ میل ہے۔ اس پروگرام میں 20 ممالک سے تین ہزار سے زائد کاروباری نمائندے شرکت کررہے ہیں۔

Sound Byte Ram Mohan Naidu

Pungulity

ریاست میں زمین سے متعلق مسائل کے مستقل حل کے لیے بھو بھارتی ایکٹ مؤثر ثابت ہوگا اور بدعنوانی سے پاک رجسٹریشن کے لیے اہم اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں۔ یہ بات ریاستی وزیرِ ریونیو پی سرینواس ریڈی نے کہی۔انہوں نے آج سنگاریڈی ضلع کے پٹن چیرو منڈل، کدنور گاؤں میں تعمیر کیے جانے والے انٹیگریٹڈ سب رجسٹرار آفس کمپلیکس کا سنگِ بنیاد رکھا۔انہوں نے کہا کہ ریاست بھر میں اسی طرح کے دفاتر جدید سہولتوں کے ساتھ تعمیر کیے جارہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں آؤٹر

رنگ روڈ کے دائرے میں واقع 39 سب رجسٹرار دفاتر کو 11 کلسٹروں میں قائم کیا جارہا ہے۔اس موقع پر اسٹامپس اینڈ رجسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے کمشنر راجیو گاندھی ہنمنت نے کہا کہ رجسٹریشن محکمہ کے ذریعے ریاست کو سالانہ تقریباً 14ہزار 500 کروڑ روپے کی آمدنی حاصل ہوتی ہے۔

Bhatti

ریاست میں میونسپل انتخابات کے حوالے سے اتحاد کے بارے میں فیصلہ پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ کریں گے۔ یہ بات نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارک نے کہی۔انہوں نے آج کھمم ضلع کے مدھیرا میں کہا کہ ان انتخابات میں کانگریس پارٹی زیادہ سے زیادہ نشستوں پر کامیابی حاصل کرے گی اور ریاست کی ترقی کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔انہوں نے اراکینِ اسمبلی کو ہدایت دی کہ پارٹی قیادت کے ساتھ ہم آہنگی قائم رکھتے ہوئے جیت کو ہدف بنا کر کام کریں۔بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ عوامی حکومت، عوامی مسائل کے حل کے لیے ایک مشترکہ خاندان کی طرح کام کرے گی۔

Medaram Jatara

قبائلی کمبھ میلہ کے طور پر مشہور میڈارم میں سمکا اور سارالماں جاترا کا آج شاندار طریقے سے آغاز ہوا۔ یہ جاترا اس ماہ کی 31 تاریخ تک جاری رہے گا۔ورنگل سنٹرل زون کی ڈی سی پی دارا کویتا نے کہا کہ جاترا میں آنے والے عقیدت مندوں، خاص طور پر بچوں، بزرگوں اور ذہنی توازن والے افراد کے گم ہو جانے سے بچاؤ کے لیے جیوٹیگنگ کا نظام نافذ کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بس اسٹینڈس اور ریلوے اسٹیشنوں پر جیوٹریکنگ ٹیگ لگائے جا رہے ہیں۔خانگی گاڑیوں میں آنے والے عقیدت مندوں کو بھی مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کے لیے یہ ٹیگنگ ضرور کروائیں جبکہ ورنگل کے پولیس کمشنر سن پریت سنگھ نے کہا کہ جاترا کے لیے جانے والے عقیدت مند گاڑیاں احتیاط سے چلائیں۔انہوں نے خبردار کیا کہ آگے چلنے والی گاڑیوں کو اوورٹیک کرنا اور تیز رفتاری سے چلانا حادثات کا سبب بن سکتا ہے۔انہوں

نے عوام اور گاڑی چلانے والوں سے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرنے پر زور دیا۔

Sound Byte.

Kishan Reddy

مرکزی وزیرِ کوئلہ کشن ریڈی نے کہا ہے کہ بند کی گئی کوئلہ کانوں سے متعلق علاقوں کی ترقی کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے آج ویڈیو کانفرنس کے ذریعے کوئلہ کانوں سے وابستہ اضلاع کے کلکٹروں، ایڈیشنل کلکٹروں اور تمام کوئلہ کمپنیوں کے جنرل منیجروں کے ساتھ مائنز کلوزنگ ایکٹیویٹیز پر اٹھائے جانے والے اقدامات کا جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے کہا کہ کانیں بند ہونے کے بعد متعلقہ علاقوں کو مستحکم کیا جائے اور سماجی ترقی کے اقدامات پر عمل کیا جائے۔

Karimnagar

کریم نگر پولیس کمشنر غوث عالم نے کہا کہ کریم نگر ضلع میں کریم نگر میونسپل کارپوریشن جمی کنٹہ، حضورآباد، چوپادنڈی، میونسپالٹی کے انتخابات کیلئے پرچہ نامزدگیوں کے ادخال کا آغاز آج سے شروع ہوا ہے۔ کریم نگر میونسپل کارپوریشن میں اب تک پانچ افراد نے پرچہ نامزدگی داخل کی ہے۔

OO